كُوْنُوْٓا اَنْصَارَ اللّٰہِ
نَحْنُ اَنصَارُ اللّٰہِ

ڈاکٹر سیحہ راحیل قاضی

سورۃ الصف آیت نمبر 8

يُرِيْدُوْنَ لِيُطْفِئُوْا نُـوْرَ اللّٰـهِ بِاَفْوَاهِهِـمْ ۖ وَاللّٰـهُ
مُتِمُّ نُـوْرِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْكَافِرُوْنَ

یہ لوگ اپنے منہ کی پھونکوں سے اللہ کے نور کو بجھانا چاہتے
ہیں، اور اللہ کا فیصلہ یہ ہے کہ وہ اپنے نور کو پورا پھیلا کر رہے
گا خواہ کافروں کو یہ کتنا ہی نا گوار ہو

سورۃ الصف آیت نمبر 9

هُوَ الَّذِىٓ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰى وَدِيْنِ الْحَقِّ
لِيُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّيْنِ كُلِّهٖ ۙ وَلَوْ كَرِهَ الْمُشْرِكُوْنَ

وہی تو ہے جس نے اپنے رسول کو ہدایت اور دین حق کے ساتھ
بھیجا ہے تاکہ اسے پورے کے پورے دین پر غالب کر دے خواہ
مشرکین کو یہ کتنا ہی ناگوار ہو۔

سورۃ الصف آیت نمبر10

یَآ اَیُّـھَا الَّـذِیْنَ اٰمَنُـوْا ھَلْ اَدُلُّكُمْ
عَلٰی تِجَارَۃٍ تُنْجِیْكُمْ مِّنْ عَذَابٍ
اَلِـیْمٍ

اے لوگو جو ایمان لائے ہو، میں بتاؤں تم کو وہ
تجارت جو تمہیں عذاب الیم سے بچادے؟

سورۃ الصف آیت نمبر 11

تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَتُجَاهِدُوْنَ فِیْ
سَبِیْلِ اللّٰهِ بِاَمْوَالِكُمْ وَاَنْفُسِكُمْ ۚ ذٰلِكُمْ خَیْرٌ
لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ

ایمان لاؤ اللہ اور اس کے رسول پر، اور جہاد کرو اللہ کی راہ
میں اپنے مالوں سے اور اپنی جانوں سے یہی تمہارے لیے
بہتر ہے اگر تم جانو۔

سورۃ الصف آیت نمبر12

يَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ وَيُدْخِلْكُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِىْ
مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْـهَارُ وَمَسَاكِنَ طَيِّبَةً فِىْ
جَنّٰتِ عَدْنٍ ۚ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ

اللہ تمہارے گناہ معاف کردے گا،اور تم کو ایسے باغوں میں
داخل کرے گا جن کے نیچے نہریں بہتی ہوں گی،اور ابدی
قیام کی جنتوں میں بہترین گھر تمہیں عطا فرمائے گا یہ ہے
بڑی کامیابی.

سورۃ الصف آیت نمبر 13

وَاُخْرٰی تُحِبُّوْنَهَا ؕ نَصْرٌ مِّنَ اللّٰهِ
وَفَتْحٌ قَرِيْبٌ ؕ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ

اور وہ دوسری چیز جو تم چاہتے ہو وہ بھی تمہیں دے گا، اللہ کی طرف سے نصرت اور قریب ہی میں حاصل ہو جانے والی فتح اے نبیؐ، اہل ایمان کو اِس کی بشارت دے دو.

سورۃ الصف آیت نمبر14

يَآ اَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُوْنُـوٓا اَنْصَارَ اللّـٰهِ كَمَا قَالَ عِيْسَى
ابْنُ مَرْيَمَ لِلْحَوَارِيِّيْنَ مَنْ اَنْصَارِىٓ اِلَى اللّـٰهِ ۖ قَالَ
الْحَوَارِيُّوْنَ نَحْنُ اَنْصَارُ اللّـٰهِ ۖ فَاٰمَنَتْ طَّآئِفَةٌ مِّنْ بَنِىٓ
اِسْرَآئِيْلَ وَكَفَرَتْ طَّآئِفَةٌ ۚ فَاَيَّدْنَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا عَلٰى عَدُوِّهِـمْ
فَاَصْبَحُوْا ظَاهِرِيْنَ

اے لوگو جو ایمان لائے ہو، اللہ کے مددگار بنو، جس طرح عیسیٰ ابن مریمؑ نے حواریوں کو خطاب کر کے کہا تھا: "کون ہے اللہ کی طرف (بلانے) میں میرا مددگار؟" اور حواریوں نے جواب دیا تھا: "ہم ہیں اللہ کے مددگار" اُس وقت بنی اسرائیل کا ایک گروہ ایمان لایا اور دوسرے گروہ نے انکار کیا پھر ہم نے ایمان لانے والوں کی اُن کے دشمنوں کے مقابلے میں تائید کی اور وہی غالب ہو کر رہے۔